معلومات برائے مریضان

TB ALERT
Stop Tuberculosis Worldwide

# تپ دق (TB ) میں مبتلا مریضوں کے لئے ایک ضروری امتحان




NHS

## TB کلینیک میں ٹیسٹ کرنا

آپ خصوصی طور پر تربیت یافتہ ڈاکٹر یا نرس کے ساتھ HIV کی ٹیسٹنگ (جانچ) کے بارے میں گفتگو کر سکتے ہیں۔ تمام معلومات کو پوشیدہ رکھا جائے گا۔ اگر آپ کا کسی کلینیک میں ایک ٹیسٹ ہوتا ہے، تو نتیجے کو آپ کے ہسپتال کے عام نوٹس میں ریکارڈ کیا جائے گا ؛ اس کا مطلب ہے کہ نتیجے کو آپ کی نگہداشت میں شامل دیگر ڈاکٹر اور نرسیں تو پڑھ سکیں گی، لیکن کوئی اور شخص نہیں۔

## آپ کے مقامی جینیٹو یورینری میڈیسن (Genito-Urinary Medicine GUM) کلینیک میں ٹیسٹنگ

مزید معلومات کے لئے اپنی TB نرس سے رابطہ کریں

- بعض ہسپتا لوں میں آپ اندر جا کر ڈاکٹر سے ملاقات کے لئے انتظار کر سکتے ہیں؛ دوسرے رواخانوں میں آپ کو ایک اپوائنٹمنٹ مخصوص کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- آپ کو کسی اور ڈاکٹر کی جانب سے کسی خط کی ضرورت نہیں ہوتی
- دوا خانوں کے رازداری کے لئے خصوصی سخت قوانین ہوتے ہیں۔
- آپ کے نوٹس ککینک سے باہر نہیں جا سکتے، اور وہاں پر کام کرنے والا عملہ ہی انہیں پڑھ سکتا ہے۔
- نتیجہ آپ کے GP کو نہیں دکھایا جائے گا۔
- آپ کو اپنا اصلی نام، تاریخ پیدائش یا پتہ نہیں دینا پڑے گا، لیکن یہ یاد رکھنا یقینی بنائیں کہ آپ نے کون سی ذاتی تفصیلات دی تھیں۔
- اگر آپ کسی دوسرے کلینیک سے ٹیسٹ کروانا چاہتے ہیں، تو 0800 567 123 پر نیشنل ایڈز ہیلپ لائن پر ٹیلیفون کریں۔
- آپ اپنے GP سے بھی ٹیسٹ کروا سکتے ہیں۔
- تاہم، آپ کے ایک کام کرنے کی صورت میں آپ کے GP کو HIV کے ایک مُثبت ٹیسٹ کے بارے میں معلومات زندگی اور صحت کی بیمہ کمپنیوں کو منتقل کرنا پڑے گی ۔ اگر آپ کو اس کے بارے میں تشویش ہے، تو کسی GUM کلینیک سے ٹیسٹ کروانا ہی سب سے اچھا رہے گا۔

اپنے اہل خاندان اور دوستوں کو TB سے بچائیں - اپنی TB کی تمام ادویات لیں۔

## امتحان کروانے کے متعلق مشورے کے دیگر وسائل

**نیشنل ایڈز ہیلپ لائن (National AIDS Helpline (NAH))**
0800 567123

**افریقن ایڈز ہیلپ لائن (African AIDS Helpline)**
0800 0967 500 (ویب سائٹ: www.africaninengland.org

**ٹیرنس ہِگنس ٹرسٹ ہیلپ لائن (Terrence Higgins Trust Helpline)**
0845 21 12 200 (ویب سائٹ: www.tht.org.uk

**پوزیٹولی وومن ہیلپ لائن (Positively Women Helpline)**
020 7713 0222 (ویب سائٹ: Positivelywomen.org.uk

**بلیک لائنرز ہیلپ لائن (Blackliners Helpline)**
020 7738 5274

**مین لائنرز ہیلپ لائن (Mainliners Helpline)**
020 7582 5434 (ویب سائٹ: www.mainliners.org.uk

**TB Alert** ایک منفرد خیراتی ادارہ ہے، جو دنیا بھر کی تپ دق (TB) کے متعلق بُو کے میں بیداری پیدا کرر ہا ہے۔ ہم یو کے اور ترقی پذیر ممالک میں ایسے منصوبوں کی اعانت کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں کہ زیادہ مریضوں کو مناسب معلومات اور علاج میسر ہو۔ آپ کی مدد سے ہم دنیا بھر میں تپ دق (TB) پر ایک مثبت اثر ڈال کر زیادہ جانیں بچا سکتے ہیں۔

TB ALERT
Stop Tuberculosis Worldwide

TB Alert,
Community Base,
113 Queens Road,
Brighton BN1 3XG
ٹیلیفون: 01273 234030

مزید معلومات یا اس ورقچے کی نقل کے لئے، براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 770 (فقط اوقاتِ کار)۔

ایک عطیہ دینے یا **TB Alert** کی مدد کے لئے رضاکار بننے کے لئے، براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 784 (فقط اوقاتِ کار)۔

یا ہماری ویب سائٹ www.tbalert.org پر جائیں

اس ورقچے میں دی گئی تپ دق کے ٹیسٹوں اور تشخیص سے متعلق معلومات کا مقصد موضوع کے بارے میں عمومی معلومات دینا ہے۔ اس کا مقصد آپ کی نرس / ڈاکٹر یا صحت کے دیگر پیشہ ور ماہرین کے علم، مہارت اور بصیرت کے متبادل کے طور پر دینا نہیں ہے۔ اس ورقچے میں شامل کسی بھی معلومات کا مقصد تشخیص یا علاج کے لئے استعمال کرنا نہیں ہے۔ تشخیص اور علاج سے متعلقہ سوالات اور تفکرات کے لئے صحت کے ایک پیشہ ور ماہر سے رجوع کرنا چاہئے۔

تیاری کا اصل کام از نارتھ ویسٹ لندن TB نیٹ ورک

ضمانت کے ذریعے محدود ایک کمپنی۔ انگلینڈ میں رجسٹرڈ نمبر 3606528 رجسٹرڈ خیراتی ادارہ نمبر 1071886 ڈیزائن workson لندن 020 8352 8300

تمام دواؤں کو محفوظ اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھنا یاد رکھیں۔

## HIV - اور AIDS کا TB کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

یو کے میں رہنے والے TB کے حامل زیادہ تر لوگ HIV میں مبتلا نہیں ہوتے، تاہم بعض ممالک میں HIV/AIDS اور TB اکثر ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ جسم کے دفاعی نظام کو نقصان پہنچاتا ہے جس سے TB کو حاوی ہونے کا زیادہ آسانی سے موقع ملتا ہے۔

بعض لوگوں کو دوسرے ممالک میں رہتے ہوئے کا مرض لگ جاتا ہے جہاں پر TB اور HIV دونوں بہت عام ہیں۔ اس لئے یہ دونوں انفیکشنیں آپس میں قریبی طور پر مربوط ہیں - جو ایک میں مبتلا ہوگا، ہو سکتا ہے اس کا سامنا دوسری سے بھی ہو چکا ہو۔

## HIV/AIDS کیا ہوتا ہے؟

- HIV کا مطلب ہے انسانی قلتِ مامونییت وائرس اور AIDS کا مطلب ہے حاصل کردہ عارضہ برائے قلتِ مامونیت
- HIV کا ایک ایسی انفیکشن ہے، جو دوسری بیماریوں، خاص طور پر انفیکشنوں کے خلاف جسم کے دفاع کو نقصان پہنچاتی ہے
- جب HIV انفیکشن کے ساتھ چند دوسری بیماریاں بھی ہو جائیں، تو اس شخص کو AIDS ہو جاتی ہے۔

## HIV کتنی عام ہوتی ہے۔؟

HIV دنیا بھر میں پائی جاتی ہے۔ لیکن کچھ علاقے ایسے ہیں - جیسے زیر صحارا افریقہ، جنوبی ایشیا مشرقی یورپ - جہاں پر HIV زیادہ عام ہے۔

یو کے میں، یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ 30,000 سے زائد افراد کے ساتھ جی رہے ہیں اور ان اعداد میں اضافہ ہو رہا ہے اس طرح کہ ہر سال 6500 سے زائد افراد پہلی مرتبہ ٹیسٹ کروانے پر مثبت نکل رہے ہیں۔ دنیا بھر میں HIV کی منتقلی کا سب سے عام طریقہ مرد اور عورت کے درمیان جنسی عمل ہے۔ تاہم نئے مریضوں کی تعداد ان مردوں میں زیادہ ہے جو مردوں کے ساتھ جنسی عمل کرتے ہیں۔۔

## HIV یا AIDS کا کوئی علاج موجود ہے؟

HIV کے اثرات پر قابو پایا جا سکتا ہے، بلکہ ضد HIV ادویات کے ساتھ ان کو الٹی حالت میں بھی لایا جا سکتا ہے۔ HIV یا AIDS کے لئے فی الوقت کوئی علاج موجود نہیں ہے۔ تاہم تحقیق بتاتی ہے کہ ضد HIV ادویات لینے والے زیادہ تر لوگ طویل عرصے تک زندہ رہتے ہیں اور بہتر محسوس کرتے ہیں۔ اگر آپ کو علم ہے کہ آپ HIV پوزیٹو ہیں، تو آپ انفیکشن کو دوسروں کو منتقل کرنے کے خطرے کو کم کرنے کے لئے اقدامات کر سکتے ہیں۔

## HIV آگے کیسے منتقل ہوتی ہے؟

- فرج یا مقعد کے راستے کنڈوم کے بغیر جنسی عمل کرنے کے ذریعے۔ منہ کے ذریعے غیر محفوظ جنسی عمل میں بھی چند خطرات کا اندیشہ ہے۔
- ایک ماں کے ذریعے بچے کو حمل کے دوران، پیدائش کے موقع پر یا اپنا دودھ پلاتے وقت منتقلی۔
- سوئیوں، سرنجوں یا دوائیوں کا ٹیکہ لگانے والی دوسری اشیاء میں شریک کرنے سے۔
- غیر جانچ شدہ خون یا خون کی مصنوعات کے ساتھ علاج کے ذریعے

## HIV کا ٹیسٹ

**ٹیسٹ میں کیا شامل ہوتا ہے؟**

آپ کے بازو میں سے خون کا ایک چھوٹا سا نمونہ لے کر لیباریٹری میں بھیج کر ٹیسٹ کیا جائے گا۔

ہو سکتا ہے آپ نے کلینیک میں پہلے خون کے ٹیسٹ کروائے ہوں۔۔ لیکن ایک HIV ٹیسٹ کو ہم آپ کی رضامندی اور اجازت کے ساتھ ہی کر سکتے ہیں۔ کے تمام ٹیسٹ بلا قیمت ہوتے ہیں۔

## میں نتیجے کو کتنا عرصہ پہلے حاصل کر سکتا ہوں۔

نتیجہ واپس حاصل کرنے میں عموما 3 ایام کار صرف ہوتے ہیں۔ نتیجہ چاہے جو کچھ بھی ہو، یہ نگہداشت صحت کے ایک ماہر کے ذریعے ذاتی طور پر آپ کے سپرد کیا جائے گا: نتیجے کو فون کے ذریعے نہیں دیا جا سکتا اور نتیجے کی کاغذی نقول عموماً مریضوں کو نہیں دی جاتیں۔

## نتیجہ مجھے کیا بتاتا ہے؟

**HIV نیگیٹو (منفی)**

اس کا مطلب ہے کہ آپ کو HIV نہیں ہے، تا وقتیکہ آپ ٹیسٹ سے 3 ماہ پہلے عرصے میں HIV سے دوچار نہ ہوئے ہوں۔ اگر آپ گذشتہ ماہ میں HIV سے دوچار یوئے ہوں، تو ہو سکتا ہےکہ ٹیسٹ اس کا سراغ نہ لگا سکا - ( 'window' کا عرصہ)۔ ہو سکتا ہے، آپ کو HIV کے ساتھ آخری مرتبہ سامنا ہونے کے خطرے کے 3 ماہ بعد ایک اور ٹیسٹ کروانے کے لئے کہا جائے۔

**HIV پوزیٹو (مثبت)**

آپ کو HIV ہے۔ نتیجے کو HIV کے ایک دوسرے ٹیسٹ کے ذریعے چیک کیا گیا ہے - (غلطی کا احتمال خاصا کم ہے)۔ آپ کی HIV/AIDS کے ایک اسپیشلسٹ کے ساتھ رازدارانہ ملاقات ہوگی جو تشخیص کے ساتھ سمجھوتہ کرنے میں اپ کی اعانت کرے گا اور کسی مطلوبہ علاج کا انتظام کرے گا۔

## نتیجے کو کون کون جان سکے گا؟

نتیجہ آپ اور آپ کی نگہداشت میں شامل عملے کے مابین سختی سے صیغۂ راز میں رہے گا۔ آپ کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے فرد کو نتیجے کے بارے میں نہیں بتایا جائے گا۔ نتیجے کو آپ کے ساتھی، آپ کے خاندان یا دوستوں میں سے کسی اور شخص، آپ کے آجر، آپ کے مالک مکان، حکومت، ہوم آفس یا امیگریشن آفس کے سامنے ظاہر نہیں کیا جائے گا۔

## میں HIV کے ایک ٹیسٹ کے لئے یا HIV کی ٹیسٹنگ کے بارے میں گفتگو کرنے کے لئےکہاں پر جا سکتا ہوں؟

آپ ایک TB کلینیک سے ٹیسٹ کروا سکتے ہیں لیکن اور جگہیں بھی ہیں، جہاں سے آپ ٹیسٹ کروا سکتے ہیں، یا اپنے تفکرات کے بارے میں گفتگو کر سکتے ہیں۔

URDU_52923 Important test TB.indd 2 6/16/2009 3:40:11 PM